# *الیکشن کمیشن آف پاکستان*

## شعبہ تعلقات عامہ

## پریس ریلیز

25 جنوری 2019

## صوبائی اسمبلی پنجاب حلقہ پی پی – 218 ملتان-VIII کی خالی نشست پر ضمنی انتخاب کا انعقاد

الیکشن کمیشن آف پاکستان صوبائی اسمبلی پنجاب حلقہ پی پی – 218 ملتان-VIII کی خالی نشست پر ضمنی انتخاب کا انعقاد کے سلسلے میں حلقہ کے رائے دہندگان کو آگاہ کر رہا ہے کہ وہ اپنے ووٹ کے اندراج کو 8 فروری 2019 تک اپنے شناختی کارڈ پر درج مستقل یا عارضی پتہ کے مطابق یقینی بنائیں۔ الیکشن شیڈول جاری ہونے پر انتخابی فہرستیں منجمد کر دی جائیں گی۔ ووٹ کے اندراج و منتقلی کے لیے فارم نمبر 21 دفتر ضلعی الیکشن کمشنر-ملتان میں جمع کروایا جاسکتا ہے۔

واضح رہے کہ الیکشنز ایکٹ 2017 کے سیکشن 27 کے مطابق ایسے تمام رائے دہندگان جن کا ووٹ شناختی کارڈ پر درج مستقل یا عارضی پتہ کے علاوہ کسی دیگر پتہ پر درج تھا ان کو 31 دسمبر 2018 تک سہولت دی گئی تھی کہ وہ اپنے ووٹ کو شناختی کارڈ پر درج کسی بھی پتہ پر منتقل کروالیں۔ ایسے تمام رائے دہندگان جو اس سہولت کے پیش نظر اپنے ووٹ کو منتقل نہیں کرواسکے ہیں ان کے ووٹ مذکورہ بالا قانون کی روشنی میں غیر موثر ہو گئے ہیں۔

مزید معلومات کے لئے الیکشن کمیشن آف پاکستان کی ویب سائٹ www.ecp.gov.pk اور دفتر ضلعی الیکشن کمشنر ملتان سے رابطہ کریں۔ مزید براں ضلع میں قائم مرکز معلومات و شکایات کا رابطہ نمبر اور ووٹ کے اندراج کی معلومات اپنا شناختی کارڈ نمبر 8300 پر ایس ایم ایس کر کے بھی حاصل کی جاسکتی ہیں۔

----